QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 284

کیسکو کی جانب سے محرم الحرام کے ایام میں بجلی فراہمی کے لئے اقدامات

مرکزی کمپلینٹ سیل مانیٹرنگ اینڈ ایمرجنسی کنٹرول سینٹر قرار

کوئٹہ: 18 جون 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے محرم الحرام کے ایام میں بجلی کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کے لئے مختلف انتظامات کر لئے ہیں۔اس سلسلے میں بجلی کی مسلسل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کرنے کے لئے چیف انجینئر کی زیرنگرانی کیسکو کے مرکزی کمپلینٹ سیل کو مانیٹرنگ اینڈ ایمرجنسی کنٹرول سینٹر (ٹیلی فون نمبر 0819201445) قرار دیا گیا ہے۔جس میں ایکسئن ،ایس ڈی او اور لائن اسٹاف پر مشتمل عملہ 24 گھنٹے 3 شفٹوں میں کام کرے گا۔کیسکو مرکزی مانیٹرنگ وایمرجنسی کنٹرول سینٹر صوبائی حکومت کے زیرانتظام ایمرجنسی کنٹرول روم اور ضلعی انتظامیہ سے بھی رابطے میں رہے گا۔مرکزی مانیٹرنگ اور ایمرجنسی کنٹرول سینٹر تمام امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں سے بجلی کی تعطل ہونے پر اور محرم کے جلوس والے راستوں میں بجلی منقطع ہونے کی صورت میں یا صارفین کی جانب سے شکایت موصول ہونے پر بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا نیز کنٹرول سینٹر بجلی کی صورتحال سے متعلق کیسکو کے اعلیٰ حکام کو بھی آگاہ کرتا رہے گا۔البتہ کسی بھی علاقہ میں تکنیکی خرابی کو دور کرنے اور بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے کیسکو ٹیم اور متعلقہ فیڈروں کے سب ڈویژنل افسران (SDO) اپنے عملہ کے ساتھ دفاتر میں موجود رہیں گے تاکہ بجلی سے متعلق کسی بھی ایمرجنسی سے بروقت نمٹا جاسکے۔

علاوہ ازیں محرم الحرام میں کوئٹہ شہر سے باہر اندرون صوبہ دیگر اضلاع ژوب ،لورالائی، روجھان جمالی، جھل مگسی، اوستہ محمد، ڈیرہ مراد جمالی، گنداخہ، صحبت پور، بھاگ، سبی، خضدار، مچھ میں بھی امام بارگاہوں کے انتظامیہ کیجانب سے متعلقہ فیڈروں پر اُنکے فراہم کردہ اوقات کار کے دوران لوڈشیڈنگ نہیں کی جائے گی۔تاہم صارفین اس دوران کسی بھی انفرادی شکایات کے لئے اپنے متعلقہ سب ڈویژن پر رابطہ کرنے کے ساتھ ساتھ 118 پر کال یا اپنے موبائل سے 8118 پر بذریعہ میسج (SMS) بھی اپنی شکایات بھی درج کرواسکتے ہیں۔ ###